پریس ریلیز

گوجرانوالہ 17 مئی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب کا وفد کے ہمراہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا دورہ جبکہ کے وفد میں سابق صدور سعید احمد تاج، شیخ نعمان صلاح الدین، سابق نائب صدر شیخ قیصر امین جموں والے کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات ان کے ہمراہ تھیں۔اس موقع پر انہوں نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن میں تمام بچے پاکستان کا روشن مستقبل ہیں ان کی تعلیم وتربیت اور زندگی کی ہر اشائشیں مہیا کر کے محکمہ بڑی ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہا ہے۔پہلے رمضان میں افطاری کا اہتمام کیا آج دوبارہ ان کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا۔بچوں کے ساتھ وقت گزار کر دلی مسرت اور سکون قلب کا باعث بنتا ہے۔یہ بچے ہمارے لئے بڑے خاص اور اہمیت کے حامل ہیں ان کے ساتھ جتنی شفقت اور محبت کی جائے کم ہے۔گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے اس نیک مشن کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن تعاون کریگا۔دورہ کے دوران انہوں نے تمام بچوں میں پاکستانی پرچم وکھلونے تقسیم کئے اور ان میں گھول مل گئے۔مزید برآں انہوں نے پاکستان اور پاک فوج کے متعلق تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں پاکستان جیسا کوئی ملک نہیں پاکستانی محبت وطن قوم ہے اور اپنے وطن سے دل وجان سے محبت کرتی ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان اس ملک کی آن بان اور شان ہے ہمیں اپنی فوج پر فخر ہے پاکستان انشاءاللہ ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنایا گیا ہے جس کا سہراہ ہماری پاک فوج کو جاتا ہے۔اس دوران تمام ہال پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔

ڈسٹرکٹ آفیسر چائلڈ پروٹیکشن بیورو وقار احمد چیمہ نے گوجرانوالہ چیمبر کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وفد کو ادارے کے اغراض و مقاصد کے متعلق آگاہ کیا اور ادارے کو درپیش مسائل اور بچوں کی ضروریات کے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ادارہ بچوں کو معاشرے کے بہترین انسان بنانے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے ان تمام کاوشوں کا مقصد صرف اور صرف یہی ہے کہ ان کی بہترین کفالت کی جائے تاکہ یہ بچے مستقبل میں نہ صرف کامیاب زندگی گزریں بلکہ پاکستان کیلئے اپنی خدمات سرانجام دے سکیں۔صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب بات چیت کے دوران بچوں کے مسائل سن کر آبدیدہ ہوگئے۔